بادام کے تیل میں پوشیدہ صحت و خوبصورتی چند راز جنہیں جان کر یقینا آپ دنگ رہ جائیں گے

یہ تو آپ سب ہی جانتے ہوں گے کہ بادام کے بہت سے صحت مند فوائد ہیں اس کو کھانے سے دماغ تیز ہوتا ہے

اور اس کا تیل بالوں میں لگانے سے بال مضبوط، گھنے اور چمکدار ہوجاتے ہیں لیکن کیا آپ کو معلوم ہے کہ بادام کا تیل ہر قسم کی جلد پر بھی اپنا اچھا اثر دکھاتا ہے

جی ہاں آئیے جانتے ہیں کہ بادام جلد کو خوبصورت بنانے میں کس طرح مددگار ثابت ہوتا ہے ۔

جلد میں نمی پہنچانے :

بادام کا تیل ہر جلد کے مطابق اثر کرتا ہے چاہے وہ ڈرائی اسکن ہو یا نارمل اسکن، یہ تیل بہت ہی ہلکا ہوتا ہے جس سے یہ جلد میں آسانی سے سماجاتا ہے ۔

لیکن یہ سب سے زیادہ بہتر خشک جلد کے لئے ہوتا ہے ، صرف اس کا روزانہ مساج کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جس سے یہ جلد میں نمی پہنچاتا ہے ۔

پھٹے ہونٹ:

کیا آپ کے ہونٹ پھٹ گئے ہیں ؟ اگر ہونٹ پھٹے ہوں تو ان پر بالم کی جگہ بادام کے تیل سے بنا ہوا لپ گلاس لگائیں یا اس کے لیے لپ گلاس گھر میں تیار کریں ۔

آپ چار پانچ قطرے بادام کا تیل، چائے کا ایک چمچ شہد میں اچھی طرح سے مکس کریں اس کو ایک ائیر ٹائٹ کنٹینر میں رکھ دیجئے

اور ہفتہ بھر آرام سے ہونٹوں پر لگائیے ۔ اس کے استعمال سے آپ کے ہونٹوں پر گلابی چمک آجائے گی اور وہ صحت مند بھی ہوجائیں گے ۔

جھریاں :

بادام کے تیل میں وٹامن اے اور بی پایاجاتا ہے ، جسے چہرے پر لگانے سے جھریاں دور ہوجاتی ہیں ۔

اس تیل سے آپ اپنے چہرے پر رات کو مساج کریں اور سوجائیں صبح اُٹھ کر چہرہ نارمل طریقے سے دھولیں اس سے چہرے کی چمک واپس لوٹ آئے گی ۔

سیاہ حلقے :

آنکھوں کے نیچے اور اردگرد سیاہ حلقوں کا ہونا بہت مسئلہ ہوتا ہے اس کو دور کرنے کے لئے بادام کا تیل لے کر مساج کیجئے ،

کچھ ہی عرصہ بعد آپ نوٹ کریں گے کہ سیاہ حلقے بالکل کم ہوچکے ہوں گے یا ختم ہوجائیں گے ۔

اسکرب :

بادام کے تیل کو فیشل میں کیاجانے والا اسکربنگ میں بھی
استعمال کیا جاتا ہے ۔

صفائی کی شکل میں بھی اسکرب کرنے سے چہرے کی ساری
گندگی صاف ہوگی

اور مردہ جلد بھی نکل جائے گی ، آپ کو صرف ایک چمچ
چینی کے ساتھ بادام کا تیل ملانا ہوگا

اور اس اسکرب سے چہرے کی اینٹی کلاک وائز ڈائریکشن میں
اسکربنگ کرنا ہوگی ۔